Finally sir, the people of Pakistan are of a great resolve, they are people of great resilience, the people of Pakistan are, can suffer the most and yet remain loyal to this great land of us. All they need is direction, vision and right leadership and we can have that leadership and with that leadership the people can rise and we can see a better tomorrow for our children and for ourselves. Only if we go on the right direction, tighten our belts, to stop reliance on foreign aid and then we try to live within our resources because the people of Pakistan have the wit and the will, the faith and the persistence to want to live a better life. Thank you Mr. Chairman.

Point of Order

Appointment of the Leader of the Opposition

جناب چیئرمین: شکریہ سینیٹر صاحب۔ ظفر الحق صاحب! آپ کا point of order ہے؟ جی .please

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! آپ کے چیمبر میں کل بھی Leader of the Opposition کے معاملے پر بات چیت ہوئی تھی اور اس کے بعد آپ نے اسحاق ڈار صاحب سے اور دوسری طرف سے communicate کیا تھا۔آج صبح ہماری میٹنگ ہوئی ہے۔ یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے، ایک open سی بات ہے، آپ اخبارات کو دیکھ رہے ہیں، جو moves ہو رہی ہیں ان کو دیکھ رہے ہیں۔ اس issue کو دوسری جانب سے complicate اور لمبا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر آپ اپنے پہلے فیصلے کو واپس لینے کو تیار ہیں اور آپ اس فیصلے کو

suspend کرتے ہیں تو پھر ہم 15 تاریخ سے بحث کرنے کو تیار ہیں اور اگر آپ ایسا نہیں فرما سکتے تو پھر ہمارے لیے یہاں بیٹھنا یا بحث کرنا بیکار ہو گا۔

جناب چیئرمین: یعنی آپ بحث میں بالکل بھی حصہ نہیں لینا چاہتے۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: جی نہیں۔

جناب چیئرمین: کسی تاریخ پر بھی؟

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: اگر آپ فیصلہ واپس لے لیتے ہیں تو۔۔۔

جناب چیئرمین: میں ذرا clarify کردوں۔ ایک فیصلہ ہوا ہے جس پر میں نے کہا ہے کہ we will rehear the matter, اس کے لیے 15,16,17 کی تاریخیں رکھی گئی تھیں، اس پر آپ نے تحفظات بتائے کہ ان تاریخوں کو نہیں ہونا چاہیے، جلدی ہونا چاہیے۔ کل dates پر کوئی consensus نہیں بن سکا، پھر میں نے ڈار صاحب سے بھی مشاورت کی۔ میرا یہ خیال تھا کہ Monday سے start کر لیا جائے، سواتی صاحب آئے تھے، انہوں نے کہا کہ منگل سے start کیا جائے۔ اب بات رہ گئی تھی کہ Monday سے ہو یا Tuesday سے ہو، یہاں تک تو کل فیصلہ ہو گیا تھا مگر finally کس دن سے شروع کرنا تھا یہ فیصلہ ابھی نہ آپ نے کیا تھا اور نہ انہوں نے کیا تھا۔ اب آپ آج کوئی نئی بات کرنا چاہتے ہیں؟

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: نئی بات نہیں ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر اس کو اسی طرح لمبا کرنا ہے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: نہیں لمبا تو نہیں کر رہے۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: اس سے یہی مترشح ہوتا ہے کہ فیصلہ پہلے اور بحث بعد میں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں اب اس کو revisit کر رہے ہیں یا سب چیز کو open کیا گیا ہے۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: اگر سب چیز کو open کیا گیا ہے تو آپ اپنے پہلے فیصلے کو واپس لیں۔

جناب چیئرمین: اب rules دیکھنے پڑیں گے۔ جی سواتی صاحب۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: مجھے راجہ صاحب کی زبان سے یہ الفاظ سن کر بہت دکھ ہوا کہ وہ Chair کو instructions دے رہے ہیں کہ better you take your decision back, otherwise we are not going to be participating in the proceedings of the Session. میرا یہ خیال ہے کہ قانون کے ضابطے، اخلاق کے ضابطے اور روایات اس کے بالکل خلاف ہیں کہ Chair کو threaten کیا جائے، جو Chair سارے ہاؤس کے ممبران کے اعتماد کی ضامن ہے۔ میں نے پہلے کہا کہ "میں نہ مانوں"، سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ یہ Chair کوئی بھی فیصلہ کرے اور جب تک ان کے حق میں فیصلہ نہیں ہوگا، میرے خیال میں اس وقت تک proceeding سے، بجٹ سے، عوام کی مہنگائی سے، عوام کے مسائل سے اور اس پاکستان سے ان کی کوئی دلچسپی نہیں ہوگی۔ مجھے انتہائی ندامت کے ساتھ یہ الفاظ استعمال کرنے کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے، Chair پر اعتماد کیا جائے اور زبردستی digger ان کے سر پر رکھ کر نہ فیصلہ کیا جائے بلکہ اس کا احترام کیا جائے۔ کل مجھے Chair نے بلایا، میں نے Opposition Leader کی اجازت کے بغیر، اپنے ساتھیوں کو اعتماد میں لیے بغیر جناب اسحاق ڈار صاحب کو کہا کہ اگر "میں نہ مانوں" کی رٹ یہی ہے تو پھر میں اپنے دوستوں کو مجبور کروں گا کیونکہ مجھے budget proceeding کا زیادہ احساس ہے، اس کی زیادہ ضرورت ہے، یہ کوئی قرآن کا حرف نہیں ہے، ہم بجائے 15 کے 14 تاریخ پر لے آتے ہیں کیونکہ ہماری مجلس شوریٰ کا اجلاس شروع ہو چکا ہے۔

(اس موقع پر صحافی حضرات پریس گیلری میں تشریف لے آئے)

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: جناب چیئرمین! صحافی حضرات واپس تشریف لائے ہیں، انہیں welcome کر دیں۔

جناب چیئرمین: جی ضرور. welcome back.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: میں یہ گزارش کر رہا ہوں کہ اگر ہمیں بجٹ عزیز ہے، یہ ملک عزیز ہے، یہ ایوان عزیز ہے، اس کی عزت عزیز ہے تو پھر Chair پر یہ عدم عن لگانا کہ اگر یہ فیصلہ کریں گے تو ٹھیک ہے ہم ایسا کریں گے۔ میرے خیال میں اس پارلیمان کی روایت میں یہ کبھی نہیں رہا اور نہ ہم نے کبھی سنا ہے۔ راجہ صاحب جیسی قدآور شخصیت سے یہ الفاظ ادا ہوں جو کہ آج اس تاریخ کا حصہ بن چکے ہیں۔ انہیں یہ الفاظ ادا کرنے سے پہلے اس ایوان کے تقدس کو قائم کرنے کے لیے، اس

ایوان کو چلانے لیے سوچنا چاہیے تھا کہ ہم صرف اپنی من مانی کریں اور Chair پر انگلی اٹھائیں۔ میرے خیال میں یہ غیر مناسب اور پارلیمانی روایات کے منافی ہے۔ مجھے سمجھ نہیں آتا کہ انہوں نے یہ الفاظ کیسے ادا کیے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے شکریہ۔ جی راجہ صاحب۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! یہاں یہ کہا گیا ہے کہ اپوزیشن کے ماحول کو اور ہاؤس کے ماحول کو درست رکھنے کی بات ہو۔ یہ کوئی زیادہ ماضی کی بات نہیں ہے، میں کل کی بات کا حوالہ دیتا ہوں کہ کل جب ہم واک آوٹ کرکے باہر گئے اور آج وہ تقریر بھی رپورٹ ہوئی ہے جو مولانا عبدالغفور حیدری صاحب محترم نے کی تھی اس میں کیا وہ لفظ ہیں جو انہوں نے پیچھے رکھے، کیا وہ الزام ہیں جو انہوں نے پاکستان مسلم لیگ (ن) پر نہیں لگایا۔ اس وقت ان کو یاد نہیں آیا کہ ماحول کو درست رکھنا چاہیے، یہ معاملات ابھی چل رہے ہیں اور ان میں اس حد تک نہیں جانا چاہیے کہ پھر ہم ایک دوسرے کے سامنے منہ بھی نہ کرسکیں۔ نہ کسی نے ان کو یہاں ٹوکا کہ یہ تو proceedings کا ایک طریقہ کار ہے کہ اگر کوئی آدمی ایوان میں موجود نہیں ہے جو اس کا جواب دے سکے تو اس پر تنقید بھی نہیں کرنی چاہیے۔ نہ صرف یہ ایوان کی کارروائی کے بارے میں ہے بلکہ شرعاً اور اخلاقاً بھی یہ ناجائز بات ہے کہ کسی کی پیٹھ پیچھے بلاوجہ اس کی برائی کی جائے۔ تو اب آپ فرمارہے ہیں کہ یہ کیوں کیا گیا اور ایسا کہا گیا ہے تو بڑا افسوس ہوا ہے۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ ایک ایسا طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے جس میں آپ نے ایک فیصلہ فرمایا اور آپ اگر یہ کہتے ہیں کہ آپ اس کو revisit کرنا چاہتے ہیں تو پھر آپ اس پہلے فیصلے کو please suspend کردیجئیے۔

جناب چیئرمین: جی ڈار صاحب۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئرمین! سواتی صاحب کے لیے میرا بڑا احترام ہے لیکن یہ مناسب نہیں کہ وہ یہاں جو بات ہو اس کو misstate کریں اور میں یہ لفظ اس لیے استعمال کررہا ہوں کہ انہوں نے یہ الفاظ---، جو مجھ سے ذاتی ٹیلیفون پر بات کی وہاں ان کا بڑا بھائی بھی تھا، وہاں میں بڑا قابل قدر بھی تھا اور ابھی یہ الفاظ don't play to the gallery you never use the word کہ میں نہ مانوں۔ میرا خیال ہے کہ ہمیں ایمانداری کے ساتھ اور اپنے آپ کو یہ سمجھ کر کہ ہم اللہ کو بھی جواب دہ ہیں سچائی کی بنیاد پر بات کرنی چاہیے۔

جب میں آپ کے پاس حاضر ہوا تو میرے ساتھ جناب عغفار قریشی صاحب، جناب پرویز رشید صاحب اور جناب ہارون اختر صاحب تھے۔ آپ نے کہا کہ کل جمعہ ہے اور اس کو ہم Monday پر لے جاتے ہیں اور پھر Tuesday and Wednesday اس طرح کرلیتے ہیں تو میں نے آپ کو عرض کیا کہ جو آپ کہتے ہیں ٹھیک ہے۔ آپ نے مجھے یہاں تک کہا کہ آپ پہلے اپنا فیصلہ کرلیں اور پھر میں JUI کو اطلاع کروں گا تو میں نے کہا کہ جی بالکل آپ parallel treat کریں اور فوری ان کو بھی اطلاع کریں۔ میں نے آپ کو یہی عرض کیا تھا۔

جناب چیئرمین: جی بالکل۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: میں نے کہا کہ without giving you any commitment لیکن آپ ان کو بھی اطلاع کریں تاکہ یہ معاملہ حل ہو اس میں parity ہونی چاہیے اور میں نے کہا کہ پھر ہم بات کرلیں گے۔ مجھے جناب سواتی صاحب کا فون آیا انہوں نے کہا کہ پیر کی بجائے منگل کو رکھ لیں تو جو راجہ صاحب نے فرمایا وہ بھی وہی ہے۔ میں نہ مانوں والی بات جو ہے وہ تو actually ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ کی آٹھ جون کی ruling جو ہے that is not acceptable اور کل یہاں تقریریں ہوئیں کہ آپ نے یہاں مقدمہ نہیں سننا thereby meaning that you have no right to review your own judgment....? یہ بجٹ تک مجھے پتا ہے کہ لوگوں کی جو commitment ہے۔ آٹھ سال سے ہم یہاں کام کر رہے ہیں۔ National Interest کے نام پر کسی کو بلیک میل کرنے کی کوشش مت کریں، ہمیں بھی قومی مفاد اتنا عزیز ہے جتنا کسی اور کو ہے۔ بار بار یہ الفاظ استعمال کرنا we should not play to the gallery یہ کورم پورا نہیں کرسکتے، ان کی تو پہلے دن میٹنگ نہیں ہوئی۔ یہ ذمہ داری کا حق ہے کیا ہم نے وہاں proposals نہیں بھیجیں آپ اس کا ایمانداری سے فیصلہ کریں، بھائی ہم نے in writing دی ہیں یہ بات مت کریں کہ یہ قومی مفاد ہے، یہ بھی قومی مفاد ہے، یہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک ایسی گندی سیاست، تحصیل کونسل کے level کی آپ یہاں لے کر آگئے ہیں کہ tamper چیزیں ہوتی ہیں mala fide طریقے سے فیصلے ہوتے ہیں اور process کو سبوتاژ کیا جاتا ہے تو خدا کے لیے آپ اس طرح invite نہ کریں، راجہ صاحب قابل احترام ہیں وہ ہم سے بہت پہلے اس ایوان میں تھے تو میرا خیال ہے کہ ہم کو ایک دوسرے کا احترام کرنا چاہیے، جذبات میں آنے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی

gallery کے ساتھ play کرنے کی ضرورت ہے۔ میں نے یہاں کوئی بات repeat نہیں کرنی تھی کہ میں نے آپ سے کیا کہا، میں نے یہ بھی نہیں کہنا تھا کہ میں نے آپ سے request کی کہ ان کو parity دیں اور ان کو بھی فوری اطلاع کریں۔ میں نے کوئی بات نہیں کرنی تھی کہ جناب اعظم سواتی صاحب نے مجھے فون کیا تھا یہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن ہم اگر اس کو abuse کریں، اس کو ہم استعمال کریں کہ آپ دوسری پارٹی کو force کریں کہ we should come out with the truth تو پھر میرا خیال ہے کہ یہ unending معاملہ ہوگا Sir your own ruling of 8th June میں ایک چھوٹا سا قانون کا طالبعلم ہوں سواتی صاحب تو مجھ سے بہت زیادہ علم رکھتے ہیں اس پر give the clear message اور اس کے against کل ہمارے ساتھیوں نے تقریریں کی ہیں کہ آپ کو کوئی حق نہیں ہے مقدمہ سننے کا، آپ فیصلہ دے چکے ہیں That means کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ میں نہ مانوں۔ یہ طے ہوجائے کہ کیا ہم نے آپ کی اس ruling کی قدر کرنی ہے، اس کا regard کرنا ہے تو پھر معاملہ بڑا simple ہے۔ آپ نے dates کی بات کی تھی اور وہ راجہ صاحب نے کہہ دیا کہ مجھے Tuesday بھی منظور ہے جو سواتی صاحب نے کل فرمایا۔ ان کا میں نے message دیا، آپ کا message دیا تو جناب پھر کون سا point of non cooperation ہے۔ میری گزارش ہے کہ یہ چھوڑیں کہ کس نے ہونا ہے یا نہیں ہونا یہ آئینی مسئلہ ہے اس کو اب حل ہونا ہوگا۔ یہ ہمارے لیے نہیں آنے والے وقتوں کے لیے ہے۔ بہت مہربانی۔

جناب چیئرمین: یہی بات میں نے اپنی ruling میں کی ہے۔ سواتی صاحب! ذرا ٹمپریچر کو ٹھیک رکھیں۔ جی۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: میرے لیے آج بھی اسحاق ڈار صاحب اور راجہ صاحب انتہائی قابل قدر ہیں۔ میں پھر repeat کر رہا ہوں لیکن جو بات راجہ صاحب نے کہی ہے وہ کل تک تھی ہی نہیں۔ راجہ صاحب نے جو کہا گیلری بھی یہاں پر موجود ہے، سارا ہاؤس موجود ہے وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ اگر آپ نے اپنا فیصلہ reverse کرنا ہے تو ہم اس بجٹ proceeding کا حصہ بنیں گے ورنہ نہیں بنیں گے۔ اب یہ فیصلہ آپ کو کرنا ہے۔ ہم ہر چیز ماننے کے لیے تیار ہیں لیکن ایک ruling ہوچکی اب فیصلہ آپ نے کرنا ہے کہ کیا condition پر بجٹ کا اجلاس چلانے کے لیے ان کی اس ہاؤس کو ضرورت ہے یا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی میں فیصلہ کرتا ہوں۔ جی مولانا گل نصیب صاحب۔

سینیٹر مولانا گل نصیب خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ہمیں اپنے ان ساتھیوں کا بے حد احترام ہے۔ الفاظ میں آگے پیچھے ہو جاتا ہے ہم بھی یہ محسوس کرتے ہیں کہ بعض باتیں جو ہیں وہ دونوں طرف سے ہمیں تلخی کی طرف لے جا رہی ہیں جو ہمارے ملک اور قوم کے لیے اور اس ہاؤس کے لیے کبھی مفید نہیں رہیں گی۔ لہٰذا آج کی راجہ صاحب کی یہ بات اگر آپ اس میں مزید کوئی کارروائی کرنا چاہتے ہیں تو پہلے اس فیصلے کو واپس لینا ہے۔ میرے خیال میں یہ مناسب نہیں ہے اور جو پہلے سے طریقہ کار ہے اس کے مطابق چلیں، ایک دو دن کی بات ہے کہ ایک دن آگے اور پیچھے کوئی مسئلہ نہیں میرے خیال میں اس کو مزید نہیں الجھانا چاہیے اسی پر اتفاق ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ شیرانی صاحب میرا خیال ہے کافی چیزیں سامنے آچکی ہیں Let me decide then جی جہانگیر بدر صاحب۔

Security Grievances of the Journalists

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: شکریہ جناب چیئرمین۔ آج جب یہاں سے ممبران پریس نے واک آؤٹ کیا تو آپ نے میری ڈیوٹی لگائی تو میں بہت شکریہ ادا کرنا چاہا رہا ہوں محترم ممبران پریس کا کہ انہوں نے میری درخواست پر فوری طور پر واک آوٹ ختم کر دیا اور واپس آگئے اور جو ان کا point of view ہے میں یہاں پیش کروں گا بالعموم وہ point of view پیش کرنے کے بعد آئے اور میری بات پر اعتماد کیا میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آپ سے میری درخواست ہے کہ یہاں سے جو آج یہ واک آوٹ ہوا ہے۔ Parliament and the Press ان کے آپس میں بڑے گہرے رشتے ہیں اس ملک کی democracy کے لیے۔ پریس بہت شدت سے محسوس کر رہا ہے کہ ان کی freedom of movement and freedom of the press اور ان کی individual security جو ہے اس پر بھی حملہ کیا گیا ہے اور اس کو اس طریقے سے کہ جب کراچی میں رینجرز کا واقعہ پیش آیا کہ جس میں ایک نوجوان کو قتل کیا گیا وہاں پر پریس کے دو نوجوان ایک زاہد اور دوسرا عبدالسلام جو کیمرہ مین تھے یہ وہاں پر کسی walk and talk programme میں already موجود تھے اور یہ اتفاق کی بات ہے کہ جس جگہ پر وہ پروگرام کر رہے تھے کسی نے نشاندہی کی کہ یہاں پر دیکھیں کہ کیا ہو رہا ہے تو انہوں نے اس پروگرام کو incidentally اپنی موجودگی سے فائدہ اٹھا کر ایک تاریخی document وہاں پر بنا لیا جو بعد

ازاں ٹیلی وژن اور سب میڈیا پر چلا۔ اس کے بعد یہ ہوا کہ جو عبدالسلام اور ان کے جو باقی دوست ہیں ان کو کسی un−known number سے you understand the definition of un−known number وہ کہتے ہیں کہ ان کو life threats آرہی ہیں اور ان کی personal security under threat ہے۔ اس کے ساتھ ان کی جو انتظامیہ ہے اس کو کسی جانب سے فون کیا گیا ہے اور وہاں پر بھی گو کہ افسوس کیا گیا ہے کہ جو کچھ ہوا ہے تو ساتھ یہ کہا گیا ہے کہ آپ کو بھی ایسا نہیں کرنا چاہیے۔ عبدالسلام کراچی سے اسلام آباد آگئے ہیں اور زاہد بھی یہاں موجود ہیں۔ جمال ترکئی، خروٹ آباد والا واقعہ جنہوں نے record کیا کوئٹہ میں، ان کو بھی اسی قسم کی security threats درپیش ہیں۔ یہ جو press ہے، جو یہاں آپ کے لیے، ہمارے لیے، ملک میں democracy کو strengthen کرنے کے لیے، اپنی جان پر کھیل کر عوام الناس کی ساری activities cover کرتے ہیں، کوئی ایسے steps اور کوئی ایسی protection مانگتے ہیں کہ ان کے ساتھ جو واقعات ماضی میں ہوئے ہیں، ان کو آئندہ روکنے کے لیے کوئی ایسے steps لیے جائیں، کوئی FIR کوئی تحقیقات، کوئی بندوں کا پکڑے جانا، کوئی سامنے لائے جائیں تاکہ پتا لگے کہ کون لوگ ہیں جو پریس کو harass کر رہے ہیں اور کون ہیں جو ان کی democratic movement کو روکنے کے لیے interceptions کر رہے ہیں۔ یہ چاہتے ہیں کہ ان کو کسی طریقے سے بے نقاب کریں اور روکیں۔ This is they want. They want your intervention and they want the support of this House. جناب چیئرمین! کس چیز پر وہ آپ کی اور House کی intervention اور support چاہتے ہیں؟ یہ کہ آپ گورنمنٹ کے ان تمام اداروں سے بات کریں جو ملک میں امن و امان قائم رکھنے کے ذمہ دار ہیں کہ وہ سب ان کے اس معاملے کو سنجیدگی سے لیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر ہمیں کوئی نقصان پہنچا تو security forces will be responsible for the attack upon us. یہ ان کا موقف ہے جو میں بیان کرچکا ہوں۔ I hope یہ لوگ سن رہے ہیں، میں نے کوشش کی ہے کہ کوئی چیز نہ رہے اور یہاں پر بیان کردی جائے۔ میرے کہنے پر انہوں نے واک آؤٹ ختم کیا ہے اور اس امید پر House میں پھر آئے ہیں کہ عوام کا یہ نمائندہ House جو سب کا House ہے، House of everybody یہ ان چیزوں پر، جو بھی measures لیے جاسکتے ہیں، اس پر collective wisdom کے ساتھ ان کو feedback کرے گا۔

Thank you very much.

جناب چیئرمین: بخاری صاحب! Interior Minister *Sahib* کب آرہے ہیں؟ جو apprehensions ہیں صحافیوں کی، ان کو مد نظر رکھنا ہے۔ We have got to allay their fears and apprehensions. It is very important. دیکھیں، وہ اپنا ایک job independently کر رہے ہیں، جب تک کہ ان کو ایک protection نہیں ہو گی، جب تک ان کو یہ پتا نہیں ہو گا کہ ان کی جان، ان کی زندگی محفوظ ہے، قانون کے لوگ ان کی حفاظت نہیں کریں گے تو وہ کیسے کام کر سکیں گے اور کیسے یہ ملک آگے چل سکے گا؟ مجھے اب آپ بتائیے پلیز۔

سینیٹر سید نیر حسین بخاری: گزارش یہ ہے کہ مجھے ابھی ابھی message آیا ہے کہ Interior Minister is coming to the House.

Mr. Chairman: Let us wait for him, Jahangir Bader *Sahib*.

Senator Mian Raza Rabbani: When is he coming to the House? We are hearing this for such a long time. کل یہ واقعہ ہوا ہے۔ The Interior Minister should be in the House.

جناب چیئرمین: کل تو ہم نے ان کو message نہیں کیا تھا، آج کیا ہے۔

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, he should have been here first time in the morning.

صحافیوں کا الگ مسئلہ ہے۔ جو بندوقیں عوام کی حفاظت کے لیے ہونی چاہییں، وہ غریب بچوں پر تانی جارہی ہیں، Interior Minister ایوان میں آکر جواب نہیں دے رہے، پارلیمنٹ کا پھر فائدہ کیا ہے؟

(ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر سید نیر حسین بخاری: بالکل جناب۔ He is coming to the House اور ان سے جواب لیا جائے گا اور وہ جواب دیں گے پارلیمنٹ میں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! صرف بندوقیں تانی نہیں جارہیں، لوگ مارے جارہے ہیں، House cry کر رہا ہے، باہر احتجاج ہورہا ہے اور Interior Minister غائب ہیں۔

سینیٹر سید نیر حسین بخاری: جناب! میری یہ گزارش ہے کہ earlier جب issue raise ہوا، میں نے کہا کہ I will take up this matter personally with the Government of Sindh. ان کی protection اور security کے بارے میں بات کروں گا۔ باقی ان کو threats آرہے ہیں، certainly, I have got no objection if this issue is referred to the Standing Committee on Information and Broadcasting. Parliament should take cognizance of it. باقی ادارے لیتے ہیں تو اگر پارلیمنٹ cognizance لینا چاہتی ہے، آپ refer کردیں Standing Committee کو، let the Parliament take cognizance of this issue.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, we support the journalist community, the whole House I think, I speak on behalf of the whole House

کہ ہم پوری طرح ان کی اس demand کو support کرتے ہیں لیکن کہنے کا مقصد یہ ہے کہ 12 بج کر 5 منٹ ہوگئے ہیں، آج جمعہ بھی ہے، ابھی تھوڑی دیر تک اذان ہوجائے گی، Interior Minister *sahib* تشریف نہیں لائیں گے، پھر بات Monday تک چلی جائے گی۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! آپ instructions دیں کہ کم از کم immediate protection provide کی جائے ان تمام صحافیوں کو جنہیں threat کیا جارہا ہے۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، پہلی بات یہ ہے کہ ان کے نام سامنے آئیں، میرے پاس نام آئیں۔ اگر میں کوئی ruling دوں گا، If I would give a ruling that these are the journalists whose lives are in danger and they should be given immediate protection, I would request that names should come before me immediately. جہانگیر بدر صاحب! آپ نے جو بات کی ہے، اگر آپ صحافی بھائیوں سے بات کرلیں، وہ کون سے صحافی ہیں----

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: جناب! جن صحافیوں کو threats آئی ہیں، ان میں پہلے عبدالسلام سومرو ہیں جو 'آواز' کے کیمرہ مین ہیں۔ دوسرے نمبر پر زاہد کھوکھر ہیں، یہ 'آواز' کے رپورٹر ہیں۔ تیسرے صحافی جمال ترکئی ہیں خروٹ آباد والے، یہ کوئٹہ سے ہیں۔

جناب چیئرمین: اچھا یہ جو دو ہیں، سومرو صاحب اور زاہد کھوکھر، یہ کراچی کے ہیں دونوں؟

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: جی کراچی سے یہاں آئے ہیں۔

جناب چیئرمین: رہتے تو کراچی میں ہیں ناں، so the protection will be in Karachi. اسی طرح یہ جمال ترکئی صاحب! یہ کہاں پر ہیں اور کون سی اخبار میں ہیں۔

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: یہ کوئٹہ سے ہیں اور وہاں کے ایک مقامی اخبار سے منسلک ہیں۔ یہ تین نام دیے گئے ہیں اور ان کی یہ demand ہے کہ جو لوگ threats دے رہے ہیں، ان کو trace out بھی کیا جائے اور بتایا جائے کہ یہ کون ہیں۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب! میں information یہ دے رہا ہوں کہ آج صبح سپریم کورٹ میں حج کیس سے پہلے، سپریم کورٹ نے کراچی کے اس کیس پر suo motu نوٹس لیا۔ چیف سیکرٹری، سندھ وہاں موجود تھے۔ اس سلسلے میں سپریم کورٹ نے بڑی clear observation دی ہے، ان سارے حضرات کو protection provide کی جائے گی جنہوں نے ایک مجاہدانہ کام کرکے اپنا فرض ادا کیا۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی، شکریہ۔ جی بابر صاحب۔

Senator Dr. Zaheer-ud-din Babar Awan: There are issues which are more than one. One is the debate which is likely to come up. Second is the arrival of the relevant Minister to give the briefing. Third is the issue of the journalists. Sir, I think you have ample powers as Chairman of the Senate to pass a ruling directing all concerned in the Sindh Government and those who are concerned and related people regarding the security of the persons and the individuals like journalists and ordinary citizens on this particular issue, because the names have come up and there should be no harm to those journalists, who have done this job. So, I will request the honourable Chair to give a ruling and pass a direction which should be send and conveyed to the relevant

authorities to give protection under Article 9 and to observe due course under Article 10 (A) of the Constitution.

Mr. Chairman: Thank you. Let me pass the ruling now. Ministry of Interior, Home Minister Sindh, Home Minister Balochistan are directed to provide protection to the life and properties of the journalists Mr. Abdul Salam Soomro, Cameraman "Awaz", Mr. Zahid Khokhar, Reporter "Awaz" and Mr. Jamal Tarkai a journalist of Quetta and those people who are issuing threats to them through telephone or otherwise be apprehended and arrested at the earliest and cases in accordance with law be registered against them and the report be submitted to this House before 17th of this month.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئرمین! I must complement, آپ کی بڑی اچھی ruling ہے لیکن اگر آپ consider کرلیں after three names if you could consider expending it and to such other people جن کے پاس information ہوتی ہے۔

Mr. Chairman: And other journalists who file complaint with that.

ٹھیک ہے اس میں add کر دیا جائے and other journalists who file complaint before them. میرے خیال میں اب اس مسئلے کو ختم کرکے آگے بڑھیں۔ جی حافظ صاحب۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: جناب چیئرمین! میں ایک انکشاف کرنا چاہتا ہوں۔ ہماری مہمند ایجنسی کے ایک گاؤں شیخ بابا میں اسی طرح کا ایک واقعہ ہوا ہے اور وہ ادریس صافی صاحب کا علاقہ ہے۔ لوگ ادھر نقل مکانی کرنے کے لیے جمع تھے اور اسی طرح وردیوں میں تین چار لوگ آئے اور وہاں پر پینتیس لوگ جمع تھے ان لوگوں نے پینتیس کے پینتیس لوگوں کو شوٹ کیا اور اس کے بعد وہ پریشان ہوگئے کہ یہ ہم نے کیا کردیا ہے؟ انہوں نے بلڈوزر سے گڑھا کھود کر انہیں اس میں ڈالا اور اوپر مٹی ڈال دی۔ دس بارہ دنوں تک اس بات کا کسی کو پتا نہیں چلا، پھر ہوا یہ کہ وہاں سے گاڑیاں گزر رہی تھیں تو کچھ گاڑیاں وہاں پھنس گئیں تو مٹی میں کھدائی کی گئی تو اس میں سے ایک لاش نکلی، دوسری لاش نکلی اور اس طرح پینتیس لاشیں نکل آئیں۔ جناب والا! یہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ اس کے متعلق بھی سوچا

جائے، پینتیس لوگوں کو اس طرح بے دردی سے شوٹ کیا گیا۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کی video نہیں ہے لیکن سارا علاقہ اس چیز کا گواہ ہے کہ پینتیس لاشیں ایک کھڈے سے نکالی گئی ہیں۔ اس بارے میں سوچنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: جی پروفیسر ابراہیم صاحب۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: جناب چیئرمین! آپ نے بہت ہی جرأت مندانہ فرمان جاری کیا ہے، میں اس کی داد دیتا ہوں لیکن جس طرح حافظ رشید احمد صاحب نے بتایا ہے کہ پورے فاٹا اور مالاکنڈ ڈویژن میں یہ معمول ہے، اس طرح کی کارروائیاں ہوتی ہیں۔ Human Rights Commission of Pakistan نے ایک سال پہلے ایک خبر جاری کی تھی کہ ایک ہی گڑھے میں تین سو لاشیں دفنائی گئی ہیں، یہ مہمند ایجنسی میں چند مہینے پہلے کی بات ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں جمعہ کی اذان سنائی دی)

جناب چیئرمین: پروفیسر صاحب! آپ نے جو ابھی فاٹا کی بات کی ہے آپ اور حافظ رشید صاحب اس کی details مجھے دے دیں. then I will look into it.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: میں آپ کا ایک منٹ مزید لوں گا۔ کراچی میں چند ماہ پہلے ولی خان بابر جیو ٹی وی کے صحافی شہید کیے گئے تھے، میں ان کے گھر فاتحہ خوانی کے لیے گیا اور اسی دن Karachi Press Club گیا تو وہاں دوسرے صحافیوں نے یہ کہا کہ کئی اور صحافیوں کو بھی دھمکیاں مل رہی ہیں۔ انہوں نے یہ بتایا کہ وزیر داخلہ کی طرف سے ان کو کہا جارہا ہے کہ آپ لوگ کراچی چھوڑ دیں۔ اس وقت بھی وزیر داخلہ ایوان میں موجود نہیں ہیں، آپ ان کے بارے میں بھی فرمان جاری کریں، یہ کل کا واقعہ ہے اور وہ ابھی تک یہاں کیوں نہیں آئے؟ کل کے واقعے پر بھی ان کا فوری ردعمل یہ تھا کہ وہ شخص مجرم تھا۔ اگر وزیر داخلہ یہ بات کہہ دے کہ یہ مجرم تھا تو پھر اس کے بعد کسی inquiry کی کیا ضرورت رہ جاتی ہے اور وزیر داخلہ کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے؟

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئرمین! وہ جب کراچی ائیر پورٹ پر پہنچے تو ٹی وی پر انہوں نے کہا کہ یہ بہت غلط کام ہوا، اس کی inquiry ہوگی لیکن وہ ڈاکو تھا۔ انہوں نے پہلے ہی فیصلہ دے دیا ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! آئین میں بنیادی حقوق دیے ہوئے ہیں، ان کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں، وزیر داخلہ ابھی تک تشریف نہیں لائے ہیں، اذان ہو گئی ہے، یا تو he is shy of coming to the بتا دیں کہ honourable Leader of the House آپ House, which you can't take the House for a right Mr. Chairman. مہربانی سے pass strictures against the Minister.

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: He has conveyed that he is coming to the House, if he does not turn up in the House, whatever observation comes from the Chair that would be accepted.

Senator Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman! you should pass strictures.

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: I have conveyed him that you are required in the House, there is an issue which is in the House taken up by the Members and you should come to the House.

انہوں نے مجھے کہا کہ سپریم کورٹ نے ان سے *suo moto* پر رپورٹ مانگی ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! اس سے بڑا واقعہ کیا ہو گا، innocent citizens کو مارا جا رہا ہے۔ Is the Interior Minister not being answerable to the Parliament.

جناب چیئرمین: میاں صاحب! ایک منٹ آرام سے سنیں۔۔

سینیٹر مولانا گل نصیب خان: جناب چیئرمین! ہمارے ANP کے ساتھی بائیکاٹ پر ہیں اور کراچی میں ہونے والے ایک پہلے واقعے پر بائیکاٹ پر ہیں۔

جناب چیئرمین: جی مجھے علم ہے۔ ایک منٹ، مولانا صاحب! نماز کا وقت ہو گیا ہے، میں ابھی اس مسئلے کو wrap up کرتا ہوں۔ بخاری صاحب! میں نے ابھی جو ruling دی ہے، یہ وزیر داخلہ صاحب کو فوراً بتلا دیجیے، Monday کو جب ایوان کا اجلاس شروع ہو گا، تلاوت اور leave

applications کے بعد I would like to hear him specially, جو بات میں کرنے جا رہا ہوں اس کو ذرا ذہن میں رکھیں، جو میں نے ruling دی ہے with regard to the protection these three learned journalists and the arrest and apprehensions of the culprits اس کے بارے میں انہوں نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں، وہ ضرور مجھے اور پورے ایوان کو آکر Monday کو بتلائیں، and without fail, I am adding the word "without fail"۔ شکریہ۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین: آپ کی میں نے بات کر لی ہے۔ ڈار صاحب۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئرمین! آپ نے صحافیوں کے بارے میں تو ruling دی ہے لیکن کراچی کے واقعہ پر بھی وزیر داخلہ کو تیار ہو کر آنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: وہ تو تیار ہو کر آئیں گے۔ یہ کافی ہو گیا ہے۔

Senator Mian Raza Rabbani: No, sir, you should pass strictures. He has been stinging the House along by saying "I am coming, I am coming and he has not come". You should pass strictures against him.

جناب چیئرمین: حاجی غلام علی صاحب۔

سینیٹر حاجی غلام علی: جناب چیئرمین! ان اداروں کی، اس حکومت کی اور اس ایوان کی یہ بہت بڑی کمزوری ہے کہ footage یا video سامنے نظر آئے تو پھر ہم بحث کریں گے، لیکن ہم کہاں سے عبدالسلام اور زاہد پیدا کریں گے کہ وہ ہر ظلم کا footage لیں، video بنائیں اور پھر اس ایوان میں بحث ہو۔ جناب چیئرمین! خیبر پختونخوا میں ہمارے sitting MPA عتیق الرحمان کے بھائی جو کہ B.A کا student تھا کو پولیس نے 7:00 بجے گولی ماری۔ اس کے بارے میں کمیٹیاں بنیں۔ اس کو سزا اگر دی جاتی تو یہ نہیں ہوتا۔ پشاور میں یونیورسٹی روڈ پر گورا قبرستان کے نزدیک ناکے لگے ہیں۔ آج سے تین چار مہینے پہلے ایک لڑکے کی تین دن بعد شادی تھی اور وہ کپڑے لینے گیا تھا، یہ موٹر سائیکل پر ایک ساتھی کے ساتھ واپس آرہے تھے، رینجر نے گولی چلائی اور دونوں کو قتل کر دیا۔ وہاں

عبدالسلام اورزاہد تو نہیں تھے کہ footage بناتے۔ اس طرح قانون پاس کرو، افراد کے لئے نہیں پورے ملک کے لئے کہ اگر کوئی ایسا ظلم کرے تو اس کے گلے میں پھندا پڑ جائے۔ ہم کہاں کہاں عبدالسلام کو ڈھونڈیں گے کہ وہ جا کر اس طرح کے footage بنا لے اور footage بنانے پر ایکشن لینا اچھی حکمرانی نہیں ہوتی۔

جناب چیئرمین صاحب! اس ملک میں قانون کی حکمرانی نہیں ہے۔ میرا یہ مطالبہ ہے کہ رینجرز کے ان سپاہیوں کو کچھ مت کہیں۔ ان کو چھوڑ دیں وہ ظلم اور بربریت کرتے رہیں۔ خدا! کے لئے Rangers کے DG کو حوالات میں بند کریں اور اس کے خلاف کارروائی کریں-----

(اس موقع پر اراکین نے ڈیسک بجائے)

تاکہ آج کے بعد یہ لوگ Air Conditioned کمروں میں نہ بیٹھیں اور یہ گھومتے رہیں اور ان لوگوں کو جو دھوپ میں کھڑے ہوتے ہیں ان کو کچھ سکھائیں کہ آپ نے عوام کے ساتھ کس طرح پیش آنا ہے۔ آپ ان غریبوں کو پکڑتے ہیں جو آفیسر ہیں ان کو نہیں پکڑتے۔ Air Conditioners میں جو افسران بیٹھے ہوئے ہیں ان کو چاہیے کہ وہ دھوپ میں کھڑے ہونے والے سپاہیوں کو کچھ پڑھائیں۔ یہ افسران باہر نکل جائیں اور ان چیک پوسٹوں کا visit کریں۔ یہ افسران صرف بیٹھنے کے لئے نہیں ہیں۔ ہمارے ساتھ بھی بد تمیزی ہوتی ہے لیکن ہم کہتے ہیں کہ یہ سپاہی دھوپ میں کھڑے ہیں اس کی خیر ہے، اچھے لہجے میں سنو۔ اس لئے میں کہتا ہوں کہ آفیسرز کو سزا دو اور قانون اس طرح بنا دو کہ وہ جو T.V footage پر چل رہی ہے خدا کی قسم کہ وہ یزید اور چنگیز خان کے دور سے بھی زیادہ ظلم ہے۔

جناب چیئرمین: حاجی صاحب! بہت بہت شکریہ۔ بس time ختم ہو گیا ہے۔ ڈار صاحب! میں آپ، راجہ صاحب، سواتی صاحب، مولانا غفور حیدری صاحب اور نیئر بخاری صاحب سے request کروں گا کہ اگر آپ ڈیڑھ بجے میرے چیمبر میں آجائیں یا دو بجے آجائیں۔

سینیٹر سید نیئر حسین بخاری: جناب چیئرمین! ڈیڑھ بجے ججز کمیٹی کی میٹنگ ہے۔

جناب چیئرمین: مجھے صرف دس منٹ دے دیجیے۔ 1:15 بجے پھر آجائیں۔ نماز ایک بجے تک ختم ہو جائے گی۔ نماز کے فوراً بعد۔

سینیٹر عباس خان: جناب چیئرمین! مجھے دو منٹ کی اجازت دیں۔

جناب چیئرمین: ارے بھئی! نماز کا وقت ہے۔ چلیں آپ لے لیں دو منٹ۔

سینیٹر عباس خان: جناب چیئرمین! یہ جو کراچی کا واقعہ ہوا ہے یہ ظلم ہوا ہے ہم مانتے ہیں۔ اس طرح اور بھی بہت ظلم ہوتے ہیں وہ بھی ہم مانتے ہیں لیکن یہ جو آج کل فاٹا اور KPK میں ظلم ہو رہا ہے اور جہاں ہماری فورسز لڑ رہی ہیں ایک واقعے کو ملا کر ہم اپنی فورسز کو تباہ و بربادی کا نام دیں اور کچھ لوگ اس کو ایک issue بنا دیں۔ یہ بھی سراسر غلط ہے۔ واقعات ہوتے ہیں، حالات خراب ہیں اور ملک میں ایک تباہی ہے۔ خودکش حملوں سے ہمارے لوگ روزانہ مر رہے ہیں اور ہم ایک یا دو واقعات پر ایک ادارے کو بدنام کریں۔ یہ سراسر غلط اور ناجائز ہے۔ ہر جگہ پر برے اور اچھے لوگ موجود ہیں۔ اگر ایک آدمی سے ایک برائی ہوتی ہے تو وہ ہم پورے ادارے پر ڈال دیں تو یہ غلط ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی مشاہد اللہ صاحب۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: یہ کراچی کے واقعے پر میں صرف ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ رحمٰن ملک صاحب نے فرمایا ہے کہ وہ لڑکا جو قتل کر دیا گیا ہے ڈاکو تھا۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انہیں صرف یہ بات سمجھا دی جائے کہ جب تک کوئی court of law میں guilty prove نہ ہو اس وقت تک وہ مجرم نہیں ہوتا۔

Mr. Chairman: He is presumed to be innocent.

سینیٹر مشاہد اللہ خان: اس کو ایک شہری کے ناتے پورے حقوق حاصل ہوتے ہیں بلکہ وہ سینیٹر بھی بن سکتا ہے اور وزیر داخلہ بھی بن سکتا ہے چاہے کتنا ہی بڑا ڈاکو ہو اگر prove نہ ہو تو اسے اس طرح نہیں کہنا چاہیے۔

Mr. Chairman: Thank you. The House stands adjourned to meet again on Monday, the 13th June, 2011 at 4:30 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 13th June, 2011 at 4:30 p.m.]